# 10th meeting of the BIMSTEC Joint Working Group on Counter Terrorism and Transnational Crime (JWG-CTTC)

January 12, 2023

## دہشتگردی مخالف اور بین الاقوامی جرائم (جے ڈبلو جی- سی ٹی ٹی سی) کے خلاف بمسٹیک (BIMSTEC) جوائنٹ ورکنگ گروپ کا 10واں اجلاس

جنوری 12، 2023

دہشتگردی مخالف اور بین الاقوامی جرائم (جے ڈبلو جی- سی ٹی ٹی سی) کے خلاف بمسٹیک جوائنٹ ورکنگ گروپ کا 10واں اجلاس حکومت ہند کی میزبانی میں 12 جنوری، 2023 کو نئی دہلی میں شروع منعقد ہوا۔ بمسٹیک ارکان ممالک جیسے بنگلادیش، بھوٹان، ہندوستان، میانمار، نیپال، سری لنکا اور تھائی لینڈ اجلاس میں شرکت کر رہے ہیں۔

میٹنگ کی افتتاحی نشست کو وزارت خارجہ امور، ہندوستان کے سکریٹری (مغرب) نے خطاب کیا۔ انہوں نے صلاحیت سازی، معلومات کے تبادلے، حوالگی اور قانونی معاونت کے شعبوں میں باہمی تعاون بڑھاتے ہوئے دہشت گردی اور بین الاقوامی جرائم کی لعنت سے نمٹنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ جب کہ اس اجلاس کی صدارت ہندوستان کی وزارت خارجہ کے انسداد دہشت گردی کے جوائنٹ سکریٹری جناب مہاویر سنگھوی نے کی۔

بمسٹیک (BIMSTEC ) فریم ورک کے تحت سلامتی کے ستون کے لیے ہندوستان ایک اہم ملک ہے۔ سلامتی ستون کے تحت، انسداد دہشت گردی اور بین الاقوامی جرائم پر BIMSTEC مشترکہ ورکنگ گروپ (-JWG CTTC) کا طریقہ کار، چھ ذیلی گروپس کے (الف) انٹیلی جنس شیئرنگ (ب) قانونی اور قانون نافذ کرنے والے (ج) کاؤنٹرنگ ریڈیکلائزیشن اور دہشت گردی (د) انسداد منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کا مقابلہ کرنا (ر) انسانی اسمگلنگ اور (ز) نشہ آور ادویات، سائیکو ٹراپک مادے اور پریکرسر کیمیکلس کے کاموں کی نگرانی کرتا ہے۔

ملاقات میں BIMSTEC خطے میں روایتی اور ابھرتے ہوئے غیر روایتی سلامتی کے خطرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے خطے میں دہشت گردی اور بین الاقوامی جرائم کے انسداد میں باہمی تعاون اور ساجھے داری کو بڑھانے کے لیے وسیع مسائل پر غور کیا اور تجاویز پیش کیں۔

اجلاس میں مختلف ذیلی گروپوں کے اجلاسوں کی رپورٹوں پر تبادلہ خیال کیا گیا اور ان کی توثیق کی گئی۔ مندوبین نے بین الاقوامی دہشت گردی، بین الاقوامی منظم جرائم اور منشیات کی غیر قانونی اسمگلنگ سے نمٹنے میں تعاون پر بمسٹیک (BIMSTEC )کنونشن کے نفاذ کے مختلف پہلوؤں پر بھی غور کیا، جس کا انعقاد تمام رکن ممالک کی توثیق کے بعد 16 مارچ 2021 کو ہوا تھا۔

میٹنگ میں سی ٹی سی کا باہمی تعاون، معلومات کے تبادلے کے نظام، اور بمسٹیک (BIMSTEC) ممالک کے لیے صلاحیت سازی کے واسطے ادارہ جاتی طریقہ کار پر تفصیلی طور پر غور و خوض کیا گیا۔

**نئی دہلی**
**جنوری 12، 2023**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.